COVID Intensive Learning Support Program (CILSP)

Information for parents and carers

COVID کے دوران بھرپور تعلیمی مدد کا پروگرام

والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے معلومات

COVID کے دوران بھرپور تعلیمی مدد کے پروگرام کا تعارف

COVID کے دوران بھرپور تعلیمی مدد کا پروگرام ((COVID Intensive Learning Support Program (CILSP) NSW کے پرائمری، سیکنڈری اور سپیشلسٹ سکولوں میں ان طالبعلموں کو چھوٹے گروپوں میں ٹیوشن فراہم کرتا ہے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

یہ پروگرامNSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، کیتھولک سکولز NSW اور NSW کے خودمختار سکولوں کی ایسوسی ایشن کی مشترکہ کوشش کا نتیجہ ہے۔

یہ پروگرام ان طالبعلموں کی مدد کے لیے متعارف کروایا گیا تھا جن کی پڑھائیCOVID-19 وبا کی بنیادی وجہ سے گھر سے تعلیم کے طویل دورانیوں سے متاثر ہوئی تھی۔ یہ پروگرام پڑھنے، لکھنے اور حساب پر خاص توجہ دیتا ہے۔

ہر سکول اپنے طالبعلموں کی ضروریات کی بنیاد پر اپنا پروگرام خود بناتا ہے اور خاص طور پر تربیت یافتہ اساتذہ اور یونیورسٹی لیکچررز اور پری سکول ٹیچرز جیسے دوسرے معلّمین کو بھرتی کر کے پروگرام کو چلاتا ہے۔ چھوٹے گروپوں میں یہ ٹیوشن سکول کے اوقات سے پہلے، بعد میں یا سکول کے اوقات کے دوران رکھی جا سکتی ہے۔

یہ پروگرام کیسے چلتا ہے

COVID کے دوران بھرپور تعلیمی مدد کے پروگرام کے ذریعے سکولوں کو فنڈنگ دی جا رہی ہے تاکہ وہ اضافی معلّمین کو بھرتی کریں جو طالبعلموں کو چھوٹے گروپوں میں ٹیوشن دیں گے۔

سکول کے پرنسپل کے ساتھ مل کر اور کئی مختلف اسیسمنٹس کو استعمال کرتے ہوئے کلاس روم ٹیچر طے کرتا ہے کہ کن بچوں کو چھوٹے گروپ میں ٹیوشن سے فائدہ ہو گا۔

پھر پروگرام میں ہر بچے کی شمولیت کے متعلق اس کے والدین یا سنبھالنے والوں سے بات کی جاتی ہے اور ایک تدریسی منصوبہ بنایا جاتا ہے۔ بچے کی پیش رفت باقاعدگی سے چیک کی جاتی ہے اور والدین اور سنبھالنے والوں کے ساتھ رابطہ برقرار رکھا جاتا ہے۔

پروگرام کے اہم پہلو

- NSW کے ہر گورنمنٹ سکول کے طالبعلموں کو اس پروگرام کے ذریعے مدد ملی ہے۔ 2021 میں کل 265,000 طالبعلموں کو مدد دی گئی تھی۔

- چھوٹے گروپوں میں ٹیوشن اضافی معلّمین فراہم کرتے ہیں - جن میں کیژوئل اور عارضی اساتذہ، ریٹائرڈ اساتذہ اور زیر تعلیم اساتذہ بھی شامل ہیں۔ یہ اضافی اساتذہ کلاس روم ٹیچرز کے ساتھ قریبی تعاون رکھتے ہوئے کام کرتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ٹیوشن کو طالبعلموں کی ضروریات کے مطابق رکھا جا رہا ہے۔
- اس ٹیوشن میں پڑھنے، لکھنے اور حساب پر خاص توجہ دی جاتی ہے۔
- خصوصی معلّمین اور منتظمین کی ٹیم سکولوں کو اس پروگرام پر عملدرآمد کے لیے سہارا اور رہنمائی فراہم کرتی ہے۔
- چھوٹے گروپوں میں ٹیوشن میں 2 سے 5 طالبعلموں کے گروپوں میں اضافی تدریس اور تعلیم کے لیے سہارا دیا جاتا ہے۔ طالبعلموں کو پہلے سے ایک طے شدہ مدت تک مسلسل تعلیم دی جاتی ہے جس سےکلاس روم میں ملنے والی تعلیم کو تقویت دینا مقصود ہے۔

COVID کے دوران بھرپور تعلیمی مدد کا پروگرام اور آپ کا بچہ

اگر آپ کے بچے کا استاد سمجھتا ہو کہ اس پروگرام سے آپ کے بچے کو فائدہ ہو گا تو وہ آپ سے رابطہ کرے گا۔

اگر آپ اس پروگرام کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو COVID کے دوران بھرپور تعلیمی مدد کے پروگرام کا ویب پیج (COVID Intensive Learning Support Program webpage) دیکھیں۔ اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو اپنے بچے کے استاد کے ساتھ اس پروگرام کے متعلق بات کریں۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو کال کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور ان سے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔